## سوال

(164)انبیاء کرام علیہم السلام کی صداقت کی دلیل

## جواب

*السلام علیکم ورحمةاللہ وبرکاتہ*

حضرات انبیاء ومرسلین علیہم السلام کی صداقت کی کیا دلیل ہے ؟ اللہ تعالیٰ نے ان کی کس طرح مدد فرمائی ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

*وعلیکم السلام ورحمةاللہ وبرکاتہ!*
*الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!*

اللہ تعالیٰ نے حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی صداقت پر بہت سے دلائل قائم فرمائے ۔ اور ایسے ایسے معجزات سے ان کی مدد فرمائی ۔ جس سے انسانیت دنگ رہ گئی ۔ قوموں نے اپنے انبیاء علیہم السلام کو انکی صداقت اوران کے جذبہ ہمدردی وخیر خواہی سے بھی پہچانا ہے ۔ ان کے اخلاق حسنہ ان کے اعمال صالحہ ان کی زبانیں راست بازاور وہ امانت ودیانت کے پیکرتھے ۔ اورچہروں کی بشاشت وطلاقت اس پر مستزاد! اللہ ہی زیادہ بہتر جا نتا ہے ۔ کہ نبوت ورسالت کا مستحق کون تھا؟ انبیاء کرام علیہم السلام اللہ تعالیٰ کی ساری مخلوق میں سے بہترین تھے ۔ اور تمہارا رب جو چاہتا پیدا فرماتا اور منتخب کرتا ہے ۔ جو شخص اس مسئلے کی مذید تفصیل معلوم کرنا چاہے اسے تاریخ تفسیر سیرت النبی ﷺ معجزات اور دلائل نبوت کی ان کتابوں کا مطالعہ کرنا چاہیے ۔ جو حضرات علماء کرام نے تصنیف فرمائی ہیں ۔ انہوں نے ان کتابوں میں تفصیلات بیان فرمائی ہیں ۔

*ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب*

فتاوی بن باز رحمہ اللہ

جلددوم